صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 12 اکتوبر 2009 بمطابق 22 شوال 1430 ہجری صبح دس بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

یٰٓاَیُّہَا الَّذِینَ ءَامَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُولُوا قَوۡلًا سَدِیدًاO یُصۡلِحۡ لَکُمۡ اَعۡمٰلَکُمۡ وَیَغۡفِرۡ لَکُمۡ ذُنُوبَکُمۡ وَمَن یُطِعِ اللّٰہَ وَرَسُولَہٗ فَقَدۡ فَازَ فَوۡزًا عَظِیمًاO اِنَّا عَرَضۡنَا الۡاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَالۡجِبَالِ فَاَبَیۡنَ اَن یَحۡمِلۡنَہَا وَاَشۡفَقۡنَ مِنۡہَا وَحَمَلَہَا الۡاِنسٰنُ اِنَّہٗ کَانَ ظَلُومًا جَہُولًاO لِّیُعَذِّبَ اللّٰہُ الۡمُنٰفِقِینَ وَالۡمُنٰفِقٰتِ وَالۡمُشۡرِکِینَ وَالۡمُشۡرِکٰتِ وَیَتُوبَ اللّٰہُ عَلَی الۡمُؤۡمِنِینَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُورًا رَّحِیمًا۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیمِ۔

(ترجمہ): مومنو خدا سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کرو۔ وہ تمہارے اعمال درست کر دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور جو شخص خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک بڑی مراد پائے گا۔ ہم نے (بار) امانت کو آسمانوں اور زمین پر پیش کیا تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے۔ اور انسان نے اس کو اٹھا لیا۔ بے شک وہ ظالم اور جاہل تھا۔ تاکہ خدا منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے اور خدا مومن مردوں اور مومن عورتوں پر مہربانی کرے۔ اور خدا تو بخشنے والا مہربان ہے۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، محمد علی خان۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر صاحب، کورم پورہ نہ دے۔

جناب سپیکر: کورم پورہ نہ دے؟ گن لیں جی، Count Down، نہ دے پورہ؟ دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): سر، کورم پورا ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: کورم جب پوائنٹ آؤٹ ہو جاتا ہے ناتو پھر، دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: اجلاس کو بیس منٹ کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی بیس منٹ کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: جی، بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ 'کوئسچنز آور'، محترمہ یاسمین ضیاء بی بی۔

* 292 _ محترمہ یاسمین ضیاء: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں اسسٹنٹ پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز منظور شدہ پوسٹوں پر تعینات ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر ضلع میں منظور شدہ پوسٹوں کی سبجیکٹ وائز تفصیل فراہم کی جائے، نیز خالی آسامیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) ہر ضلع میں منظور شدہ پوسٹوں کی سبجیکٹ وائز اور خالی آسامیوں کی تفصیل مہیا کی گئی جو اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

جناب سپیکر: ضمنی سوال کوئی ہے۔

محترمہ یاسمین ضیاء: جی، جناب سپیکر۔ اس میں میں نے تمام صوبے کے جو پروفیسرز اور ایسوسی ایٹ پروفیسرز کی پوسٹیں تھیں، ان کی ڈیٹیل مانگی تھی اور دیپارٹمنٹ نے جو ڈیٹیل مہیا کی ہے، اس کے مطابق جناب سپیکر، پورے صوبے میں کافی تعداد میں Vacant posts ہیں۔ میرا سوال ان سے یہ ہے کہ آیا انہوں نے اس کیلئے کمیشن سے ڈیمانڈ کی ہے؟ اگر ڈیمانڈ کی ہے تو ڈیٹیل بتائی جائے اور کنٹریکٹ اور ایڈہاک Base پر کتنے کام کر رہے ہیں پورے پراونس میں اور کتنے پروموشن کیسز Under process ہیں؟ یہ ڈیٹیل اگر منسٹر صاحب Provide کر دیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی قاضی صاحب، قاضی اسد صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ میری بہن نے جو ابھی بعد میں ڈیٹیل کے سوال کا پوچھا، یہ تو ایک نیا سوال ہے، اس پر میں انشاءاللہ جلدی۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈیٹا نہیں ہے آپ کے پاس؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ابھی موجود نہیں ہے جی، کیونکہ اس سوال کے ساتھ اس کا تعلق نہیں ہے۔ ویسے جو خالی پوسٹس ہیں، وہ ہم بڑی جلدی انشاءاللہ تعالیٰ ایڈہاک کے ذریعے اور کمیشن کے جو سیلیکٹیز ہیں، ان کے Through ان کو Fill کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

Mr. Speaker: Thank you. Muhtarama Zarqa Bi bi. Muhtarama Zarqa Bi bi. Not present. Dr. Zakirullah Khan Sahib.

* 307 _ ڈاکٹر ذاکراللہ خان: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالاکنڈ یونیورسٹی چکدرہ میں بائیوٹیکنالوجی میں ایم ایس سی اور ایم فل طلباء و طالبات نے داخلہ لیا ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یونورسٹی میں ایم ایس سی اور ایم فل کی کلاسز کو پڑھانے کیلئے کوالیفائڈ سٹاف موجود نہیں ہے اور سات، آٹھ ماہ گزر جانے کے باوجود اب تک کوئی کلاس منعقد نہیں ہوئی، یہاں تک کہ اکیڈمک کونسل بھی حال ہی میں قائم کی گئی ہے;

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بالا ڈگریوں کیلئے طلباء و طالبات کو پڑھانے کیلئے یونیورسٹی میں کوئی ریسرچ فارم اور لیبارٹری بھی موجود نہیں;

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت مالاکنڈ یونیورسٹی چکدرہ میں کوالیفائڈ سٹاف کی تعیناتی، لیبارٹری و ریسرچ فارم کے قیام کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) اس حد تک درست ہے کہ یونیورسٹی ہذا میں بائیوٹیکنالوجی میں صرف ایم فل کلاس میں طلباء و طالبات نے داخلہ لیا ہے۔

(ب) یہ درست نہیں ہے۔ یونیورسٹی میں ایم ایس سی اور ایم فل کی کلاسسز کو پڑھانے کیلئے کوالیفائیڈ سٹاف موجود ہے، مزید یہ کہ ایم فل کلاسسز کے کچھ طلباء نے اپنی Thesis بھی تشخیص (Evaluation) کیلئے جمع کروادی ہیں جبکہ 'اکیڈیمک کونسل' پہلے سے موجود ہے، تاہم 'ایڈوانس سٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ' حال ہی میں قائم کیا گیا ہے۔

(ج) مذکورہ بالا ڈگریوں کیلئے یونیورسٹی میں مناسب لیبارٹریاں موجود ہیں۔

(د) فی الوقت یونیورسٹی میں بائیوٹیکنالوجی کیلئے موجود سٹاف اور دیگر سہولیات کافی حد تک موجود ہیں، تاہم ضرورت پڑنے پر یونیورسٹی ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کر سکتی ہے۔

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: مطمئن یمه جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مطمئن یے؟

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: او جی۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جی۔ قاضی صاحب اچھے کام کیا کرو تو دیکھو کتنا، ہاں۔ اچھا محمد زمین خان صاحب، محمد زمین خان، کوسچن نمبر 327۔

* 327 _ جناب محمد زمین خان: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبے سے جہالت کے خاتمے اور علم کی روشنی پھیلانے کیلئے صوبائی خزانے سے خطیر رقم خرچ کر رہی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس مقصد کے حصول کیلئے صوبے کے مختلف علاقوں کی طرح دیر کی تحصیل لعل قلعہ میں بھی ایک کالج کی منظوری دی گئی تھی؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ کالج پر تاحال کام کیوں شروع نہیں کیا گیا، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) کالج کی تعمیر کیلئے مروجہ طریقہ کار کے تحت قطعہ زمین کی خریداری کیلئے ایک کمیٹی کی تشکیل کے بعد ضلعی حکام سے سرکاری یا بصورت عدم دستیابی نجی قطعات زمین کی نشاندہی کی درخواست کی گئی۔ مذکورہ کمیٹی نے مختلف قطعات زمین کے معائنے کے بعد ایک قطعہ زمین کالج کی تعمیر کیلئے موزوں قرار دی تاہم مالکان اراضی کی جانب سے فی کنال مبلغ آٹھ لاکھ روپے کا مطالبہ کیا گیا جبکہ ریکارڈ کے مطابق اسی علاقے میں کچھ عرصہ پہلے زمین مبلغ ڈھائی / تین لاکھ روپے فی کنال خریدی گئی تھی، لہذا محکمہ ہذا کی جانب سے ضلعی حکام کو مزید قطعات اراضی کی نشاندہی کیلئے درخواست کی گئی۔ البتہ حال ہی میں مورخہ 4 دسمبر 2008 کو مذکورہ کمیٹی نے لعل قلعہ میدان میں ایک اور قطعہ زمین موزوں قرار دی ہے جس کے بعد مجاز حاکم کی منظوری کے بعد متعلقہ ڈسٹرکٹ آفیسر ریونیو کو مروجہ قوانین کے مطابق زمین کی خریداری کیلئے مزید اقدامات کرنے کی درخواست کر دی گئی ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ زمین کی خریداری کے فوراً بعد کالج کی تعمیر کا کام فوراً شروع کر دیا جائے گا۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any supplementary?

<u>جناب محمد زمین خان:</u> جی، سر۔ دیکښے دا جواب، زما کوئسچن دا وو چه "آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبے سے جہالت کے خاتمے اور علم کی روشنی پھیلانے کیلئے صوبائی خزانے سے خطیر رقم خرچ کر رہی ہے؟" نو جوب دے چه "جی ہاں، درست ہے"۔ بیا سوال دے چه "آیا یہ بھی درست ہے کہ اس مقصد کے حصول کیلئے صوبے کے مختلف علاقوں کی طرح دیر کی تحصیل لعل قلعہ میں بھی ایک کالج کی منظوری دی گئی تھی؟" جواب دے چه "درست ہے"۔ سوال دے "اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ کالج پر تاحال کام کیوں شروع نہیں"۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> پورا نہ پڑھیں، پورا نہ پڑھیں، وہ تو لکھا ہوا ہے، ہر کسی نے، سب نے پڑھا ہے۔ ضمنی کوئسچن، ضمنی کوئسچن کریں۔

جناب محمد زمین خان: دیکښے سر، زما یو گزارش دا دے، دوئ خو ما ته دا جواب راولیږو چه "کالج کی تعمیر مروجه طریقه کار کے تحت قطعه زمین کی خریداری کیلئے ایک کمیٹی کی تشکیل کے بعد ضلعی حکام سے سرکاری یا بصورت عدم دستیابی نجی قطعات کی نشاندہی کی درخواست کی گئی ہے" اوس دیکښے جی کمیټی جوړه شوے وه او کمیټئ هغه ځائے، دا د تیر حکومت دغه وو، هغه زمکه باقاعده Accept کړے وه او هغه زمکه بیا، څنگه چه دوئ جواب راکړے دے چه یره د زمکے په قیمت باندے وران شو او هغه کالج تر اوسه پورے جوړ نه شو جی۔ دیکښے زما گزارش دا دے، څنگه چه دوئ بیا دغه کړے دے چه یره بله کمیټی جوړه شوے ده او بلا زمکه نشاندهی شوے ده او منظور، زمکه دوئ خوښه کړے ده نو تر کومے به دے کالج له دا زمکه واغستے شی او تر کومے به دے کالج باندے کار، ځکه چه دا درے ځلور کالو نه دا مسئله راروانه ده۔

جناب سپیکر: جی قاضی صاحب، قاضی اسد صاحب، منسٹر ہائر ایجوکیشن۔ To the point بولا کریں تو ٹائم بچ جائے گا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: شکریہ، جناب سپیکر۔ سر، اس میں ہماری کوشش ہے کہ یہ جلد از جلد ہو جائے کیونکہ ایک پروسیجر ہے، اس کو ہم نے Follow کرنا ہوتا ہے۔ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو لکھا ہوا ہے، وہ وہاں پہ ان کی مدد سے بیٹھ کر، اس کی قیمت آپ کو پتہ ہے سر، کہ اب ایک بیچنے والا جو ہے، وہ زیادہ پیسے مانگتا ہے، ہمیں تو یک سالہ کے اندر لینا پڑتا ہے، ہماری کوشش ہے کہ جلد از جلد جتنے بھی ہمارے Pending cases ہیں، ان کو ختم کیا جائے اور زمین خان صاحب والے کالج کو بھی جلد از جلد ہم شروع کرنا چاہتے ہیں۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ سردار اورنگزیب خان نلوٹھہ صاحب، سردار اورنگزیب خان نلوٹھہ صاحب۔

* 366 _ سردار اورنگزیب خان نلوٹھہ: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) موجودہ تعلیمی سال کے دوران صوبہ سرحد میں کالجوں اور یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم طلباء و طالبات کی ضلع وار تعداد کیا ہے، الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) یہ بھی بتایا جائے کہ صوبہ میں تعلیم کا تناسب کیا ہے، نیز مذکورہ تعلیمی عمر رکھنے والے افراد (زنانہ ومردانہ) آبادی کا کل کتنا حصہ ہے، الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> (الف) موجودہ تعلیمی سال کے دوران صوبہ سرحد کے مختلف گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کالجوں میں زیر تعلیم طلباء و طالبات اور مختلف پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی ضلع وار تعداد مہیا کی گئی جو اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

(ب) پروونشل بیورو آف سٹیٹسٹکس صوبہ سرحد سے حاصل کردہ معلومات کے مطابق صوبے میں تعلیم کا تناسب اور تعلیمی عمر رکھنے والے افراد (زنانہ ومردانہ) کی آبادی کے تناسب کی تفصیل مہیا کی گئی۔

<u>جناب محمد زمین خان:</u> زما یو گزارش دے جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> نو تۀ مختصر غوندے سوال ترے کوہ نو ٹائم بہ تا نہ بچ کیږی۔ تۀ چہ کوم جواب راغلی وی، هغه ټول لګیا شے ریډنګ شروع کړے۔

<u>جناب محمد زمین خان:</u> جناب سپیکر صاحب، ما دے د پارہ وئیل چہ ما وئیل چہ منسټر صاحب پہ پورہ پوهه شی۔

<u>جناب سپیکر:</u> هغه پرے پوهه دے خو تۀ پوهه شه۔

<u>جناب محمد زمین خان:</u> د دے د پارہ لږ گزارش مے دا دے چہ منسټر صاحب خو اووئیل خو دا دۀ Already د سیکرټری هائر ایجوکیشن پہ خپله سربراهئ کښے یو میټنګ دلته راغوښتے وو، د دے د پارہ خو هغه میټینګ کښے بیا څه فیصله نه ده شوے۔ متعلقه چہ کوم خلق ئے راغوښتی وو، هغوئ ورله نه وو راغلی۔ هغه دوئ ما ته د هغے جواب رانکړو۔ دوئ ته پوره انفارمیشن ډیپارټمنټ نه دی ورکړے۔ زما دا گزارش دے چہ زر د پہ هغے کښے بیا یو منټنګ کیښودے شی چہ دے دوه درے ورخو کښے دا مسئله حل شی ځکه چہ دۀ۔۔۔۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> جناب سپیکر صاحب، ان کے ساتھ بیٹھ کر پھر یہ جس طرح کہیں گے، اسی طرح کریں گے۔ جیسے بھی یہ کہیں گے سر، ان کے ساتھ بیٹھ کر بات کر لیں گے۔

<u>جناب سپیکر:</u> ہاں، مہربانی کر کے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ان کو بٹھالیں، ایجوکیشن کا معاملہ ہے تو اس میں ذرا تیزی کریں۔ ملک قاسم خان صاحب، ملک قاسم خان خٹک صاحب۔

* 454 _ ملک قاسم خان خٹک: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ سرحد کی یونیورسٹیوں میں ایم فل اور پی ایچ ڈی میں مختلف فیلڈز کی کلاسوں کی تفصیل کیا ہے;

(ب) صوبہ سرحد کی یونیورسٹیوں کے مذکورہ فیلڈز میں پروفیسروں کے نام الگ الگ بتائے جائیں;

(ج) صوبے کی یونیورسٹیوں کے ایم فل اور پی ایچ ڈی کے گزشتہ تین سالوں کا نتیجہ بھی بتایا جائے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: (الف) صوبہ سرحد کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں ایم فل اور پی ایچ ڈی میں مختلف فیلڈز کی کلاسوں کی تفصیل مہیا کی گئی۔

(ب) صوبہ سرحد کی یونیورسٹیوں کے مذکورہ فیلڈز میں پروفیسرز صاحبان کے ناموں کی لسٹیں مہیا کی گئیں۔

(ج) صوبے کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے ایم فل اور پی ایچ ڈی کے شعبہ جات میں گزشتہ تین سالوں کے نتائج بھی الگ الگ مہیا کئے گئے۔ (تفصیل اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے)

ملک قاسم خان خٹک: سر، مطمئن یمه۔

جناب سپیکر: Satisfied. قاضی صاحب! کیا کچھ، کیا کچھ، معاملہ اور ہے-----

جناب محمد جاوید عباسی: جناب-----

جناب سپیکر: جی جاوید صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی جس سے ملک قاسم Satisfied ہے، میں سمجھتا ہوں کہ کیا بات ہے قاضی صاحب کی۔

جناب سپیکر: جی جاوید صاحب؟

جناب محمد جاوید عباسی: میں نے کہا کہ جس سے ملک قاسم صاحب Satisfied ہیں، میں کہتا ہوں کیا بات ہے قاضی صاحب کی۔

جناب سپیکر: ہاں یہ کچھ تو ___ جی ملک قاسم خان خٹک صاحب، Again، سوال نمبر جی؟

ملک قاسم خان خٹک: 454۔

جناب سپیکر: 454 تو نہیں ہے۔

ملک قاسم خان خٹک: کونسا ہے جی؟

جناب سپیکر: ابھی تو میرے سامنے 455 ہے، ہاں۔

* 455 _ ملک قاسم خان خٹک: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی میں طلباء سیکنڈ شفٹ میں ایم اے کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں جن میں سرکاری ملازمین بھی زیر تعلیم ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سیکنڈ شفٹ کیلئے دوپہر 12:00 بجے کا وقت مقرر کیا گیا ہے;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ طلباء اور زیر تعلیم سرکاری ملازمین کی الگ الگ تعداد بتائی جائے، نیز مذکورہ شفٹ میں زیر تعلیم ملازمین کی حاضری کی صورتحال کی تفصیل بھی بتائی جائے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی میں طلباء سیکنڈ شفٹ میں ایم اے کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں جن میں سرکاری ملازمین بھی زیر تعلیم ہیں۔

(ب) جی نہیں، سیکنڈ شفٹ کے ترمیمی قانون 2001 کے رول 4 کے مطابق "Theory classes in the second shift shall start after 1:00 p.m. on all working days. No class will be held prior to 1:00 p.m" البتہ سٹیٹسٹکس ڈیپارٹمنٹ سے آمدہ اطلاع کے مطابق وہاں کلاسز بارہ بجے شروع کی جاتی ہیں جس کا جواز سربراہ شعبہ نے یہ دیا ہے کہ مذکورہ شعبہ میں طلباء کے علاوہ تیس طالبات بھی زیر تعلیم ہیں جن کی درخواست پر کلاس کا وقت ایک بجے سے بارہ بجے کیا گیا ہے اور اس وجہ سے کہ (اول) ایک بجے کلاس شروع ہونے کی وجہ سے شام کو کلاسیں دیر سے ختم ہوتی تھیں جس کی وجہ سے طالبات کو گھر پہنچنے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا اور (دوم) مذکورہ شعبے میں کوئی سرکاری ملازم زیر تعلیم نہیں۔

(ج) یونیورسٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹس سے جمع کئے گئے اعداد و شمار کے مطابق پشاور یونیورسٹی میں شام کی کلاسوں میں زیر تعلیم سرکاری ملازمین کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

نام	محکمہ	ڈیپارٹمنٹ	حاضری کی تفصیل
ہارون رشید	پاکستان ٹیلی ویژن	جرنلزم	تسلی بخش
محمد فیصل	خیبر میڈکل یونیورسٹی	سوشل ورک	ایضاً
روقیہ	فرنٹیر ایجوکیشن فاونڈیشن سکول	آئی آر آر	ایضاً
سجاد	پولیس ڈیپارٹمنٹ	ایضاً	ایضاً

نوید	محکمہ تعلیم صوبہ سرحد	ایضاً	ایضاً
عطاء الرحمان	محکمہ تعلیم صوبہ سرحد	ایضاً	ایضاً
ہمایون	محکمہ تعلیم صوبہ سرحد	ایضاً	ایضاً
سمیع اللہ	محکمہ تعلیم صوبہ سرحد	ایضاً	ایضاً
حمیرا کلثوم	محکمہ تعلیم صوبہ سرحد	ایضاً	ایضاً

University of Peshawar
Students Admitted to Postgraduate Departments (Evening Shift)

S. No.	Department	Seats
1	Anthropology	51
2	Arabic	51
3	Archaeology	51
4	Botany	51
5	Business Administration	45
6	Chemistry	75
7	Computer Science	51
8	Economics	63
9	Electronics	51
10	English	51
11	Environmental Science	31
12	Geography	51
13	History	51
14	International Relations	67
15	I.E.R	50
16	Islamiyat	60
17	Journalism	53
18	Law	99
19	Library & Information Science	59
20	Mathematics	51
21	Pashto	54

22	Persian	51
23	Philosophy	60
24	Physics	64
25	Political Science	66
26	Psychology	53
27	Social Work	51
28	Sociology	51
29	Statistics	60
30	Urban and Regional	16
31	Urdu	54
32	Zoology	41
	Total Seats	1733

ملک قاسم خان خٹک: مطمئن ہوں، جی۔

جناب سپیکر: مطمئن یے ؟ څه ضمنی سوال پکښے شته جی ؟ شکریه۔ محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، موجود نہیں ہیں۔ سید قلب حسن صاحب۔

* 514 _ سید قلب حسن: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پنجاب، سندھ، بلوچستان میں میڈیکل، انجینیئر نگ اور دیگر کالجوں میں صوبہ سرحد کے طلباء وطالبات کیلئے نشستیں مختص ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ تعلیم کی نااہلی کی وجہ سے مذکورہ نشستیں ضائع ہو جاتی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(1) پچھلے دو سالوں میں مذکورہ کالجز میں کتنی نشستیں مختص تھیں، کن طلباء کو داخلے ملے ہیں اور کتنی نشستیں ضائع ہوئی ہیں؛

(2) جو نشستیں ضائع ہوئی ہیں انکی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے اور حکومت نے اس سلسلے میں اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: (الف) جی ہاں، صوبہ پنجاب، سندھ، بلوچستان اور آزاد کشمیر کی انجینیئر نگ یونیورسٹیوں میں صوبہ سرحد کے طلباء وطالبات کیلئے نشستیں مختص ہیں۔ اسکے علاوہ یونیورسٹی آف پنجاب میں بھی تین سیٹیں مختص ہیں جن پر میرٹ کے مطابق بمورخہ 24/11/08 امیدواران بھجوائے جا چکے ہیں جبکہ محکمہ صحت نے بھی اپنا جواب تیار کرکے صوبائی اسمبلی کو بھجوادیا ہے۔

(ب) جی نہیں، ان طلباء کو موردالزام ٹھہرایا جا سکتا ہے جو یو ای ٹی پشاور اور اسکے ماتحت کیمپوں میں داخلہ لیتے ہوئے بھی Reciprocal کی سیٹوں پر Apply کرتے ہیں اور بار بار نامزدگی کے باوجود دوسری یونیورسٹیوں میں جانے سے پہلو تہی کرتے ہیں جس کی وجہ سے نہ صرف محکمہ کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ مستحق طلباء (جو داخلہ لینے سے محروم رہ جاتے ہیں) کیلئے بھی رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں۔

(ج) (1) دوسرے صوبوں کی انجینیئرنگ یونیورسٹیوں میں صوبہ سرحد کے طلباء و طالبات کیلئے کل تیس سیٹیں مختص ہیں۔ سال 07-2006 میں تیس سیٹوں کے عوض سترہ طلباء نے داخلے لئے، اس طرح تیرہ نشستیں ضائع ہوئیں۔ چنانچہ سابقہ سیکرٹری ہائر ایجوکیشن نے 28-6-2007 کو یو ای ٹی اتھارٹی سے اس سلسلے میں میٹنگ کی تاکہ اسکا کوئی حل نکالا جا سکے لیکن قانونی پیچیدگی اور وقت کی کمی کے باعث اس پر عمل درآمد نہ ہو سکا اور پرانا طریقہ یعنی تمام طلباء Reciprocal کی سیٹوں پر Apply کرنے کا حق رکھتے ہیں، رائج رہا۔ سال 08-2007 میں طلباء نے داخلے کی اس طرح آٹھ نشستیں ضائع ہوئیں جبکہ سال 2008-09 کے دوران این ڈبلیو ایف پی، یو ای ٹی سے کل 812 داخلہ فارم موصول ہوئے جنکو تیس سیٹوں کے عوض محدود وقت میں ایڈجسٹ کرنا محکمہ کیلئے ناممکن بات تھی چنانچہ بار بار نامزدگی کے باوجود صرف سات طلباء نے داخلے لئے، لہذا سابقہ چیف سیکرٹری صاحب کی باقاعدہ اجازت لینے کے بعد باقیماندہ تئیس سیٹوں کی اخبارات اور میڈیا میں تشہر کی گئی تاکہ ان سیٹوں کو پر کیا جا سکے۔ جن طلباء نے داخلہ کیلئے خواہش / رضامندی ظاہر کی، انکو داخلہ فارم میں اپنی درج شدہ Options کے مطابق نامزد کر دیا گیا۔ اس طرح تئیس خالی نشتوں میں سے سات طلباء نے مختلف یونیورسٹیوں میں داخلہ لئے اور یہ سیٹیں پر ہو گئیں جبکہ سی آر پی کی ایک سیٹ پر نہ کسی نے خواہش ظاہر کی ہے اور نہ کوئی اس سیٹ پر جانا چاہتا ہے۔ سیکرٹری ہائر ایجوکیشن نے باقیماندہ پندرہ سیٹوں کیلئے یو ای ٹی لاہور اور یو ای ٹی ٹیکسلا کی اتھارٹیز سے بات کی اور محکمہ نے باقاعدہ طور پر بشمول اے جی کے یونیورسٹی کو بھی مراسلے ارسال کر دیئے، ان پندرہ سیٹوں کیلئے تینوں یونیورسٹیوں نے اصول طور پر رضامندی ظاہر کر دی ہے کہ سال 10-2009 میں صوبہ سرحد کی پہلے سے تیس مختص شدہ سیٹوں کے علاوہ ان طلباء کو بھی داخلے دے دیئے جائیں گے۔

(2) اسکا جواب اوپر جز (ب) میں دیا گیا ہے۔ مزید یہ کہ پشاور یو ای ٹی کو بھی ایک مراسلہ بمورخہ 17 فروری 2009 ارسال کر دیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے، جس میں یہ تاکید کی گئی ہے کہ آئندہ سال 2009-10 سے جن طلباء کو یو ای ٹی پشاور اور اسکے ملحقہ کیمپسز نے داخلہ دے دیا ہو تو ان طلباء کے نام

Reciprocal کی لسٹ میں شامل نہ کئے جائیں تاکہ ان تیس سیٹوں کے عوض مستحق طلباء (جن کا میرٹ کم ہوتا ہے) کو موقع میسر ہو سکے۔ یو ای ٹی پشاور نے اس مراسلے سے بھی اصولی طور پر رضامندی ظاہر کر دی ہے اور امید ہے کہ آئندہ کوئی بھی نشست خالی نہیں جائے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

سید قلب حسن: جی ہاں۔ جناب، اس میں سپلیمنٹری کوسچن میرا یہ ہے کہ محکمے کی کوئی Responsibility ہے کہ نہیں کہ یہ جو سیٹس ضائع ہوئی ہیں، یہ دو سال کی سیٹس انہوں نے بتائی ہیں اگر میں پانچ چھ سالوں کا ان سے پوچھتا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اور پچھلے سالوں میں بھی ضائع ہو گئیں، یہ عام سیٹس نہیں ہیں سر، یہ انجینئر نگ کی سیٹس ہیں، اگر ہر سال بیس پچیس، پندرہ انجینیئر نگ، ویسے بھی ہمارے صوبے کا یہ حال ہے اور اگر یہ انجینیئر نگ کی سیٹس ضائع ہوں محکمے کی کوتاہی کی وجہ سے تو اس کا Responsible کون ہے، سر؟

جناب سپیکر: جی قاضی صاحب، منسٹر ہائر ایجو کیشن جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، شاہ صاحب نے جو بات کی ہے، میں اس کو اس طرح اس کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ بالکل سر، نظام میں یہ کمی موجود ہے کہ جس وقت یہاں کے، ہمارے صوبہ سرحد کے بچے Reciprocal seats پر Apply کرتے ہیں، وہ اپنے ہی صوبے میں یہاں کے میڈیکل اور انجینیئر نگ کالجز میں بھی Apply کر دیتے ہیں۔ ہم ان کو بار بار لکھتے رہتے ہیں کہ آپ نے جو Reciprocal basis پہ Seat ہے، وہ لینی ہے یا نہیں لینی؟ اسی خط و کتابت میں وقت ضائع ہوتا رہتا ہے اور جب یہ یہاں پہ کلاسز شروع کر لیتے ہیں وہاں پہ پھر دوسرے بچوں کے بھیجنے کا ٹائم نہیں رہتا۔ اس میں ہم نے وائس چانسلر صاحب کے ساتھ بھی بات کی ہے اور اب یہ سوچ رہے ہیں کہ بچے یہاں پہ ایڈمشن لینا چاہتے ہیں، ان کو ہم Reciprocal کی لسٹ میں یا ان کو وہاں پہ Apply کرنے کی اجازت نہ دیں اور میں تو سمجھتا ہوں سر، کہ بہتر سے بہتر طریقہ ہے۔ میں نے ابھی پنجاب کے چیف منسٹر صاحب کو بھی ایک سمری بھیجی ہے کہ صوبہ سرحد کے سٹوڈنٹس کیلئے وہاں پہ سیٹیں دگنی کی جائیں، ہمارے ساتھ پنجاب ویسے مدد کرتا ہے تو یہ تعلیم کے شعبے میں بھی مدد کرے اور میں ان کے ساتھ بیٹھنے کیلئے تیار ہوں، سارا ریکارڈ ان کے سامنے رکھنے کیلئے تیار ہوں، میں اس کو Defend نہیں کرنا چاہتا۔

جناب سپیکر: یار قاضی صاحب! یہ دگنی تو وہ کرتے ہیں یا نہیں کرتے، یہ Already جو وہ ضائع ہو رہی ہیں، تو۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میں آپ کو یہی عرض کر رہا ہوں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو بچے دو دو جگہ پر Apply کر دیتے ہیں، ان کی وجہ سے سر، وہ میرٹ میں ٹاپ پہ آ جاتے ہیں، یہاں پہ بھی اور Reciprocal basis پہ بھی، پھر جب وہ یہاں لیتے ہیں، اس کے بعد اتنا لیٹ ہو جاتے ہیں کہ ہم انہیں دوسرے صوبے میں بھیج نہیں سکتے جو میرٹ پہ بقایا بچے ہوتے ہیں۔ اس نظام میں ہم کوشش کر رہے ہیں کہ بہتری لائیں جی۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں، وہ تو میں سمجھ گیا لیکن میکینزم ایسا ہونا چاہیئے کہ یہ سیٹیں ضائع نہ ہوں، یہ تو بڑی زیادتی ہے بچوں کے ساتھ۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جی سر۔ اس پر انشاء اللہ تعالیٰ ہم کوشش کر رہے ہیں سر، کہ بیٹھ کے اس کیلئے کوئی ایسی پالیسی بنائیں۔ اب ان بچوں کو جو کہ اس صوبے میں داخلہ لینا چاہتے ہیں، ان کو ہم پابند کریں گے کہ وہ Reciprocal seats پر Apply نہ کریں۔

جناب سپیکر: یہ بڑا سیریس مسئلہ ہے، اس پہ ضرور کوئی میکینزم۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی ثاقب خان! تاسو څه وایئ؟

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: یو سپلیمنټری کوئسچن دے، جناب سپیکر صاحب۔ دے ځل زهٔ Involve شوے وومه یو داسے کیس کښے جی، نو هغے کښے دا وه چه کومه ورځ د دوئ ډیډ لائن وو کنه جی، ډیډ لائن، هغے پورے یو دوه کسانو Apply کړے وه جی، دوه کسانو، نور سیټونو باندے چا Apply نه وه کړے او چه کله دا ډیډ لائن تیر شو جی، بیا هغے نه پس چه کوم د محکمے کلرکان وو، هغه د یو بل چه کوم کسان وو، هغوی ته ئے اوکړے جی اته هغه وخت، اوس ما نه سیټونه Exactly هیر دی چه څومره وو خو خالی دوه کسانو Apply کړے وه، باقی سیټونه هم داسے، زهٔ دا تپوس کول غواړمه جی بلکه زما سپلیمنټری کوئسچن دا دے چه دغه چه کوم سیټونه Reserve کښے Reciprocal basis باندے دی، د دے ایډورټائزمنټ Proper طریقے سره کیږی که نه کیږی؟ زما خیال دا دے چه هغوی دوه کسانو، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: جی زهٔ پوهه شوم۔ ملک قاسم خان صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: شکریه، جناب سپیکر۔ سر، صاحب دا خبره اوکړه چه څوک وو نه، تا ته پته ده چه کرک کښے د ایجوکیشن ریشو 97 پرسنټ ده، زما خپل بچے دے، محمد ایاز ولد مهر امین پخپله هغه، اوس هغه بله ورځ مے صاحب ته ریکویسټ کړے دے، زهٔ دا ریکویسټ صاحب ته کوم چه که نور څوک نه ځی د صوبے نه خو د کرک بچی ته خو د خا مخا نظرا وکړے شی۔

جناب سپیکر: جی موؤر Satisfy نہیں۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر، محکمه تعلیم نه Satisfaction خو ډیر مشکل غونډے کار دے خو زما دا گزارش دے چه دے نه مخکښے چه کوم طریقه کار وو، اخبار کښے به ایډورټائزمنټ راتلو او هغے ته به هلکانو Apply کوله او هغه کښے به ایډمشن کیدو او یو سیټ به نه ضائع کیدو۔ دا زمونږ دلته کوم کلریکل سټاف چه دے، د هغوی کوتاهی ده سر، هغوی بالکل دلچسپی نه اخلی۔ سر، زهٔ خپله دوه درے کیسونو کښے لاړ یمه۔ اوس دیکښے دوئ ورته وئیلی دی چه دا سیټونه به مونږ Next year ایډجسټ کړو، تاسو به دا پړهاؤ کړئ، دا څنګه Possible ده جی چه یو سیشن ختم شی بیا مخکښے کال هغوی څنګه ایډجسټ کړی دا انجینئرنګ دے، دا څه عام سکولونه خو نه دی کنه۔ زما گزارش دا دے چه که منسټر صاحب غواړی چه دے باندے یوه کمیټی د دوئ خپله جوړه کړی، ما د ورکښے ممبر کړی، زهٔ په دے پالیسئ پوهه یمه، ما خپله Reciprocal basis باندے انجینئرنګ کړے دے، ما ته ټول معلومات شته۔ دے باندے یوه کمیټی جوړه کړئ چه دا مسئله حل کړی۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔ منسٹر ہائر ایجوکیشن۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، بالکل مجھے اس سے اختلاف نہیں ہے۔ ہمارے پاس جو سٹینڈنگ کمیٹی ہے، اس کے بڑے سمجھدار اور لائق چیئرمین صاحب ہیں، اگر آپ چاہتے ہیں تو سٹینڈنگ کمیٹی کو بھجوادیں تاکہ اس کا حل نکل سکے۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں۔۔۔۔۔

سید قلب حسن: جناب سپیکر صاحب، زما یو گزارش دے چه که دے سټینډنګ کمیټۍ ته دا کوئسچن تاسو واستوئ او دے باندے فوری طور یو میټنګ رااوغواړئ چه هغوی ته-----

جناب سپیکر: نه، دا کوئسچن ریفرکوؤ کنه کمیټۍ ته، نو هغے کښے به تاسو او ثاقب خان، دا کوئسچن خو اوس کمیټۍ ته ریفر کوؤ کنه، هلته به تاسو راځئ بیا۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر صاحب، زما یو ضمنی سوال دے۔

جناب سپیکر: نه، په دے کوئسچن باندے خبره ده؟

جناب احمد خان بہادر: دے سره Related ده جی۔

جناب سپیکر: ګوره په دے به ضمنی کوئسچن تاسو کوئ جی۔

جناب احمد خان بہادر: سر، ما ترے صرف دا تپوس کولو چه اوس د میډیکل کالج دوئ سره څه پته شته چه آخری تاریخ کله دے جی؟

جناب سپیکر: هاں جی؟

جناب احمد خان بہادر: ما وئیل د دوئ نه تپوس کوؤ چه اوس دوئ ته معلومات شته چه اوس آخری تاریخ کله دے، Due date کله دے جی؟

جناب سپیکر: ابھی جو سیٹیں، آنریبل ممبر پوچھ رہے ہیں-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، وہ ہمارا 'ایٹا' کا امتحان جو تھا، انجینیئر نگ اور میڈیکل کالجز کا انٹری ٹیسٹ جو ہوتا ہے، وہ اگست میں ہو گیا تھا۔ اب تو آپ کو یاد ہو گا پچھلے ہفتے ہم نے آپ سے کہا تھا کہ پراسپیکٹس بھی ایشو ہو گئے ہیں، تو اس کے حوالے سے اگر یہ باقاعدہ سوال پوچھنا چاہتے ہیں، میں Full detail ان کو دے دوں گا جی۔

جناب احمد خان بہادر: نہیں، باقاعدہ سوال تو پوچھ لیں گے مگر پھر چھ مہینے بعد اس کا جواب دو گے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تو سر، اس کا حل یہ ہے کہ آپ میرے ساتھ آفس میں آجائیں، میں آپ کو Full detail وہاں دے دوں گا۔

جناب احمد خان بہادر: سر، دوئ د جواب راکړی، خلق خو به خبر شی چه آخری تاریخ څویم دے؟ زما د دے سوال مطلب هم دا دے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، مجھے یہ ٹائم دے دیں، میں ریکارڈ لے آتا ہوں، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب احمد خان بہادر: قاضی صاحب! آپ خود اندازہ کرلیں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 514, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. Muhammad Zahir Shah Khan, ji.

516 _ * جناب ظاہر شاہ خان: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ الپوری شانگلہ میں ڈگری کالج موجود ہے جہاں پر نسپل سمیت لیکچرارز کی آسامیاں خالی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(1) مذکورہ کالج میں خالی آسامیوں کی تفصیل بتائی جائے؛

(2) کیا حکومت مذکورہ خالی آسامیوں کو پر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) (1) گورنمنٹ ڈگری کالج الپوری (ضلع شانگلہ) میں منظور شدہ اور پر شدہ آسامیوں کی تفصیل حسب ذیل ہے:

	منظور شدہ آسامیاں	پر شدہ آسامیاں	خالی آسامیاں
بی پی ایس۔19	03-	-	03
بی پی ایس۔18	06	06	-
بی پی ایس۔17	13	08	05

(2) مذکورہ کالج میں پرنسپل کی خالی آسامی کو پر کرنے کی تجویز صوبائی حکومت کے زیر غور ہے جبکہ بی پی ایس۔18 سے بی پی ایس 19 کی پروموشن کے کیسز بھی صوبائی حکومت نمٹا رہی ہے، منظوری کے بعد مذکورہ کالج کی باقیماندہ خالی آسامیوں کو پر کر دیا جائے گا، نیز لیکچرارز کی خالی آسامیاں صوبائی پبلک سروس کمیشن یا محکمانہ کنٹریکٹ پالیسی کے ذریعے عنقریب پر کر دی جائیں گی۔ تاہم کالج کی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ایک انگلش لیکچرار پرائیویٹ فنڈز سے عارضی طور پر رکھنے کی منظوری بھی دی جاچکی ہے۔

جناب سپیکر: پکښے بل ضمنی سوال کوئ جی تاسو څه؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جی، جی۔ یو خو دا دغه دے جی چه دا هلته کښی لیکچراران نشته، پروفیسران نشته، استاذان نشته دے۔ دویمه خبره دا ده چه دا کالج کښے پرهائی نه کیږی جی۔ په کالج کښے پانچ اکتوبر 2005 کښے چه کومه زلزله راغلے وه، د هغے نه پس دغه کالج د آرمی په قبضه کښے دے۔ اوس هغه آپریشن هم هلته نه دغه کیږی، هغه جی او سی هلته کښینی او کالج برائے نام دے (پوهه شوے)، د-----

جناب سپیکر: تاسو وایئ چه کالج خالی کړی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: او زما دا دوه ضمنی سوالونه دی، یو دا دے چه دا کالج به دوئ کله خالی کوی (پوهه شوے)، که دغلته د فوجیانو پروګرام اوږد وی نو د وړو د پاره، د هلکانو د پاره دوئ څه بندوبست کوی (پوهه شوے)؟ دویمه خبره دا ده، د دے استاذانو جی، استاذان هلته کښے نشته دے، ډیر لوے پرابلم دے جی۔

جناب سپیکر: دا خو اودریږه، هائر ایجوکیشن دے، استاذانو ته مه ځئ جی، د هائر ایجوکیشن خبره کوئ۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: دا د استاذانو، لیکچرارانو خبره کوم، د پروفیسرانو، زهٔ د کالج د پروفیسر خبره کومه جی۔

جناب سپیکر: جی قاضی صاحب۔ قاضی صاحب نوٹ فرمائیں جی۔

حافظ اختر علی: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب! ضمنی کو کُسچن کیا ہے جی؟

حافظ اختر علی: جناب سپیکر صاحب، چه دا دوئ وئیلی دی چه صوبائی حکومت سره دا تجویز زیر غور دے چه دا Vacant پوسټونه دوئ Cover کوی، مونږ وئیل که څه ټائم فریم دیکښے، ځکه زمونږه مردان کښے هم ډگری کالج کاټلنگ او گورنمنټ ډگری کالج بابوزئی کښے هم دا مسئله درپیش ده او یقیناً دا پوسټونه خالی دی، د هلکانو ضیاع کیږی د اوقاتو، نو که لږ په دے باندے-----

جناب سپیکر: جی، قاضی صاحب۔

جناب تاج محمد خان ترند: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی ترند صاحب، سپلیمنٹری سوال څه دے جی؟

جناب تاج محمد خان ترند: شکریه، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، زمونږ په بټګرام کښے ګرلز ډګری کالج تقریباً څلور پینځه کاله شوی دی چه هغه تیار شوے دے او ایجوکیشن ډیپارټمنټ د هغے بلډنګ۔۔۔۔

جناب سپیکر: سټاف پکښے نشته؟

جناب تاج محمد خان ترند: خو لا اوسه پورے هغه سټارټ شوے نه دے جی۔

جناب سپیکر: سټاف پکښے نشته؟

جناب تاج محمد خان ترند: جی، نه پکښے پرنسپل، یو سټاف پکښے نشته جی۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی محمد علی خان، ضمنی سوال جی۔

جناب محمد علی خان: دغه زما په شبقدر کالج کښے د لیکچرارانو د پاره چه زر بندوبست او کړئ، شپږ میاشتو نه زهٔ منسټر صاحب ته لګیا یمه، زمونږ په شبقدر کالج کښے اووه پوسټه خالی دی د لیکچرارانو، اووه۔

جناب سپیکر: اووه کمے دے پکښے؟

جناب محمد علی خان: اووه کسان کم دی پکښے، اوس نهه ته اورسیدل۔ دا اووه خو زاړه وو او بار بار مے دهٔ ته وئیلی دی، یو دیارلس څله مے اووئیل چه یره، هغه اووئیل چه بندوبست درله کوؤ۔ هغے سره ډیر کالج Suffer شو او ډیره زیاته مسئله جوړه ده جی۔

Mr. Speaker: Ji, Qazi Sahib, Qazi Asad Sahib, one by one.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ ایشو تھا جس کی وجہ سے آپ کو پتہ ہے کمیٹی بھی بنی تھی کہ ریگولرائز کیا جائے گورنمنٹ ایمپلائز کو، اسی کمیٹی میں سر، چونکہ دیکھ رہے تھے کہ جو کنٹریکٹ /ایڈہاک پہ لوگ ہیں، ان کو ہم نے پکا کرنا ہے جس کی وجہ سے تھوڑی Delay آ گئی تھی ہماری نئی ایڈہاک اپوائنٹمنٹس میں لیکن

اب مجھے این او سی اسٹیبلشمنٹ ڈیپارٹمنٹ سے مل گئی ہے اور انشاء اللہ میں جلدی ایڈورٹائز کروں گا، اپنے لیکچرارز کیلئے، گریڈ 17 کیلئے تاکہ جتنی ہمارے صوبے میں پوسٹس خالی ہیں، پبلک سروس کمیشن بڑی کوشش کرتا ہے لیکن اس رفتار سے سر، ہمیں اپنے لیکچرارز نہیں پہنچا سکتے جس رفتار سے ہم نے کالجز تیار کئے ہیں یا جس رفتار سے ہمارے ملک کے لوگوں کو چاہیئے۔

جناب سپیکر: حافظ اختر علی صاحب ذرا ڈیٹ مانگ رہے ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: حافظ اختر علی صاحب کیلئے بھی سر، میرا یہی ہے۔ تاج ترند صاحب کیلئے بھی، اور جتنے بھی دوست یہاں پہ ہیں، انہیں، سب کو یہ تشویش ہو گی اپنے کالج کے لیکچرارز کی پوسٹس کیلئے، تو میں بڑی جلدی انشاء اللہ ایڈورٹائز کروں گا ایڈہاک پوسٹس۔

جناب سپیکر: اس کو جتنا جلدی ممکن ہو، فوری فوری۔۔۔۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب! تاسو څه وايئ؟

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب، دیکښے وخت نشته۔

جناب سپیکر: دا ما پکښے رولنګ ورکړو، ما رولنګ ورکړو چه دیکښے وخت مه ضائع کوئ، زر زر او کړئ۔ جلدی جلدی کریں، اس پہ ٹائم ضائع نہ کریں۔

سید قلب حسن: په دیکښے وخت خراب شو، زر زر د او کړی۔

جناب محمد علی خان: په دیکښے وخت خراب شو، زر زر د او کړی۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه جی۔

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میاں نثار گل صاحب، ہمارے منسٹر صاحب ہیں جی۔

وزیر جیلخانہ جات: زۀ یو عرض کومه چه دا هائر ایجوکیشن ډیر ذمه دار ډیپارټمنټ هم دے او قاضی صاحب Energetic Minister هم دے، انشاءالله زمونږ دا امید دے، دا به کوی خو زمونږ خبره جی، دا اوګورئ تاسو "منظور شدہ آسامیاں، بی پی ایس۔19:۔ تین، خالی آسامیاں اور پر شدہ آسامیاں:۔ زیرو"، آیا دا پروموشن کمیټی دا سے

خو نه ده جی چه دا پرنسپلز مونږ سره شارټ دی په ټول کالجز کښے ، چه د ډیپارټمنټ پرموشن کمیټی څومره دغه دے ، ولے چه په پرموشن کښے ستره چه بهرتی شی نو هغه اتهاره ته ځی، اتهاره چه بهرتی شی، بیا به هغه انیس ته ځی، نو پرنسپلز تقریباً Through out صوبه، قاضی صاحب ته هم پته ده، شارټ دی نو زما دا ته ریکویسټ دے ، دے باندے که لږ غوندے جواب ورکړی چه یره د انیس پوسټونه مونږ سره کم دی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر صاحب، دیکښے-----

جناب سپیکر: دے نه خو لوے ډیبیټ ساز شو۔ بس جی زما رولنګ چه پکښے راغے ، بس بیا خبره ختمه شوه جی۔ کښینئ جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر،-----

جناب سپیکر: ظاہر شاہ خان! بیٹھیں جی، دا منسټر صاحب څه اوئیل غواړی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، انہوں نے کہا ہے کہ یہ انیس کی پوسٹیں خالی ہیں، یہ کس لئے؟ سر، ہو سکتا ہے یہ جواب جب بھیجا گیا تو اس وقت یہ نہ ہو، ہم نے اٹھارہ سے انیس کی پروموشنز بھی کر دی ہیں اور انیس سے بیس بھی کر دی ہیں سر، اور اس میں میرے خیال میں اب اس سے بہت Improve ہو چکی ہے، جو اس سوال کے جواب میں ہم نے جو چیزیں بتائی ہیں، اس وقت اس تعداد میں سیٹیں خالی نہیں ہیں، ہم نے اٹھارہ سے انیس اور انیس سے بیس کی پروموشنز کر دی ہیں۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: سر، زما خوئے جواب رانکړو۔

جناب سپیکر: ظاہر شاہ خان کو کیا جواب نہیں دیا آپ نے؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: فوج سره کالج دے ، سر۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: فوج کے پاس جو کالج ہے، وہ تو بہر حال اس سوال کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا لیکن میں نے یہ جواب دیا ہے کہ ہمارے پاس، ابھی Adhoc basis پہ میں ایڈورٹائز کروں گا، یہ بھی کوشش کریں، ہم سب دعا بھی کرتے ہیں کہ حالات بھی اچھے ہوں اور وہاں کے لوکل لوگ Apply کریں جو ان کالجز میں پڑھائیں۔

جناب سپیکر: وہ Within ten days ایڈورٹائز کریں جی، بس ختم کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ٹھیک ہے جی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر صاحب، اس پر آرمی کا قبضہ ہے اور وہاں پہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرمی بلڈنگ Vacate کرنا، اس کی میرے خیال میں بس کی بات نہیں ہے یہ۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: تو دوسرا بندوبست کریں سر، دوسرا یہ ہمارے بچوں کو ایبٹ آباد میں داخلہ نہیں دیتے، ہم اس کے پاس جاتے ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: مجھے پتہ ہے وہاں کلاسیں کم ہیں، میں ان کے بچوں کیلئے Alternative بندوبست کر کے دوں گا، یہ میرا آپ کے ساتھ وعدہ ہے۔

Mr. Speaker: Thank you. Thank you, ji.

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ولے جی بیا ؟

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر، دوئ وئیل چه، دا د دوئ د وس خبره ئے اوکړه سر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا خو Questions/ Answers دی جی، دوئ به هر یو څیز نه خو۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: کالج د Vacate شی، د دے خبره هم اوکړه، سر۔

جناب سپیکر: تاسو خو هغه سره Agree شوی یئ۔

ملک قاسم خان خٹک: تاسو اووئیل چه دا د دوئ د وس خبره نه ده، مونږ خو دا حکومت ډیر بااختیاره گنړو۔ مونږ وایو چه هر څه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه، دا د ډیبیټ شے نه دے ، کښینه جی۔

ملک قاسم خان خٹک: نه سر، مونږ دا ریکوسټ کوؤ چه دا خو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر ذاکر اللہ خان، ڈاکٹر ذاکر اللہ خان۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: سوال نمبر جی؟

* 522 _ ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی ایف 97 دیر لوئر میں چکدرہ کے مقام پر ملاکنڈ یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ یونیورسٹی کے قیام کے بعد یونیورسٹی ہذا میں وقتاً فوقتاً ملازمین کلاس فور سیکورٹی گارڈز، باورچی کے علاوہ مختلف کیڈر میں بھرتیاں کی گئی ہیں;

(ج) اگر (الف) تا (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو گزشتہ ایک سال کے دوران ملاکنڈ یونیورسٹی، چکدرہ میں مختلف کیڈرز میں جو بھرتیاں ہوئی ہیں، ہر ایک بھرتی کا اخباری اشتہار، تاریخ ٹیسٹ و انٹرویو، فہرست امیدوران، میرٹ لسٹ Criteria اور ہر کیڈر میں بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت اور سکونت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) ملاکنڈ یونیورسٹی کو موصول شدہ رپورٹ کے مطابق وائس چانسلر کے اختیارات جو کہ ملاکنڈ یونیورسٹی کی ریگولیشنز 2001 کی سیکشن 12 میں دیئے گئے ہیں، کے مطابق وائس چانسلر بھرتیوں کے کرنے کا مجاز ہے۔ اس سلسلے میں کلاس فور آسامیوں کو اخبارات میں عام مشتہر کیا جاتا ہے اور بعض اوقات مقامی طور پر بذریعہ نوٹس درخواستیں وصول کی جاتی ہیں، مزید براں ایک بڑی تعداد میں درخواستیں گاہے بگاہے وصول ہوتی رہتی ہیں جن کو باقاعدہ طور پر ریکارڈ پر رکھا جاتا ہے اور پھر ضرورت کے تحت سلیکشن کمیٹی کے ذریعے باقاعدہ انٹرویو اور موزونیت کی بنیاد پر بھرتی کئے جاتے ہیں۔ یونیورسٹی میں کلاس فور ملازمین کا پچانوے فیصد تعلق ملحقہ دیہات سے ہے۔ فہرست امیدواران برائے سیکورٹی گارڈز اور نائب قاصد، انٹرویو اور بھرتی شدہ افراد کی فہرستیں مہیا کی گئیں جو اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Ji, any supplementary?

<u>ڈاکٹر ذاکر اللہ خان:</u> او جی، بالکل ما چه د کوم سوال تپوس کړے دے نو په چکدره یونیورسټئ کښې چه مختلف کیډرز کښې کومے بهرتئ شوی دی، د هغې 'اخباری اشتہار، تاریخ ٹیسٹ و انٹرویو، امیدواروں کی فہرست، میرٹ لسٹ Criteria اور ہر کیڈر میں بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت اور سکونت کی مکمل تفصی'، دا مے غوښتے دے جی۔ په دے سوال کښې دا تفصیل نه دے راکړے شوے جی۔ په دے سوال کښې دا تفصیل نه دے راکړے شوے، نه اشتهارات ورکړے شوی دی، نه بیا د هغې میرټ لسټ چه کوم جوړ شوے دے، نه هغه ورکړے شوے دے او بله خبره دا ده چه دا کوم میرټ

لسټ ئے د سیکورټی ګارډز راکړے دے نو هغه صرف د سیکورټی ګارډز ئے راکړے دے او په هغے کښے ئے هم هغه کسان بهرتی کړی دی چه کوم د نورو محکمو نه ډسچارج شوی دی، ریټائرډ پاتے شوی دی او هغه ئے په میرټ باندے راوستی دی۔ منسټر صاحب ته دا درخواست کومه چه یره که دوئ پخپله باندے د دے سوال نه مطمئن نه وی نو بیا پکار ده چه کمیټئ ته ئے ریفر کړی جی۔

جناب سپیکر: جی، قاضی صاحب، قاضی اسد صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، میرے خیال میں جواب تو ٹھیک ہے، اس میں مجھے ایسی کوئی چیز نظر نہیں آتی کہ جس کا وہ کہہ رہے ہیں اور ڈیٹیل جو انہوں نے پوچھی ہے، اس میں بتا دیا کہ اس کے وائس چانسلر کو ریگولیشنز کے تحت اختیار تھا، اس نے اشتہار بھی لگائے گئے ہیں، اشتہار کی کاپی، اگر یہ کہتے ہیں تو وہ اس کی فوٹو سٹیٹ نہیں لگائی انہوں نے، اگر چاہتے ہیں تو میں ان کے ساتھ بیٹھ جاؤں گا جی، اس کو حل کر لیں گے۔ جی یہ میرے اپنے چیئرمین ہیں سٹینڈنگ کمیٹی کے جی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر صاحب، اس سوال کو کمیٹی کو ریفر کریں جی۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: وائس چانسلر خو دومره زبردست ډکټیټر دے چه تاسو ورته دوه پیرے د دے خپل ځائے نه لیټر لیږلے دے چه تاسو د سنډیکیټ د ممبر د پاره مونږه ته لیټر رااولیږئ چه څوک سلیکټ کړم او هغه دراولیږم۔ هغه ستاسو Nominee په یونیورسټی کښې نه پریږدی او دا اوګورئ جی، دا ئے لیکلی دی چه "ایک بڑی تعداد میں درخواستیں گاہے بگاہے وصول ہوتی ہیں"، 'گاہے بگاہے' -----

جناب سپیکر: یہ زیادتی ہے کہ ادھر سے آپ کو لیٹر گیا ہے اور اسکا جواب نہیں ہے۔ Within two days اسکا ہمیں جواب دے دیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: Within two days، اور آئندہ کیلئے وارننگ دی جاتی ہے کہ اسمبلی سیکرٹریٹ سے جو بھی ایسی Important چیز آ گئی اور اسکا جواب نہیں دیا تو پھر اسکو خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ ملاکنڈ یونیورسٹی کا بھی جو قانون ہے، اسمیں Amendments زیادہ ہیں۔

جناب سپیکر: میں نے پوری رولنگ اس پر دے دی۔

<u>ڈاکٹر ذاکر اللہ خان:</u> کوئسچن پورے خندا شوے دہ او کوم جواب چہ راکڑے شوے دے ، کہ تاسو لڑ ڈیٹیل اوکتلو ، زۂ جی داوایمہ کہ دا نمونہ د کوئسچن، جواب راکوی لکہ کوم چہ راکڑے شوے دے چہ ٹول خطا دے او کمیٹئ تہ ئے نہ ریفر کوؤ نو زۂ دا حق لرم چہ زۂ د وی سی خلاف پرویلج موشن تاسو تہ راوڑمہ جی۔ دوئ بالکل لکہ نامکمل جواب راکڑے دے۔

<u>جناب سپیکر:</u> قاضی! کیا آپ انکی تسلی کرلیں، آپ کے چیئرمین ہیں۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> سر، میں نے عرض کیا کہ میرے ساتھ بیٹھ جائیں، جس طرح کہیں گے، کمیٹی بھی ادھر آپ کے Through لے جا سکتے ہیں۔ میں انشاء اللہ تعالیٰ وائس چانسلر کو یہاں بلا کے انکے ساتھ بیٹھا تا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ تو آپکے اپنے چیئرمین صاحب ہیں۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> بالکل سر، یہ Powerfull Chaiman ہیں جی، انشاء اللہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، پیر صاحب!

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> جناب سپیکر، آپ اس سوال کو Important کہتے ہیں اور آپ نے محسوس کیا ہے اور بیک وقت اس معزز ایوان کی بھی توہین کرتا ہے اور پھر اپنے منسٹر کو بھی Embarrass کرتا ہے اور تیسری بات یہ ہوتی ہے کہ ایک ادارہ جو ہے، بذات خود اسکی Deterioration شروع ہو جاتی ہے، جب ادارے کے اندر، اس معزز ایوان کے اندر اگر کوئی چیز ہے، اسمیں حقائق کو چھپا کر اور، تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ بجائے اسکے کہ قاضی کا بڑے اچھے اخلاق کا مظاہرہ کہ میرے ساتھ میرے دفتر میں مل جائیں، یہ بات اپنی جگہ پر لیکن صرف اصلاح کیلئے میں سمجھتا ہوں کہ فاضل رکن نے جو یہ گزارش کی ہے کہ مجھے پریویلج موشن، تحریک استحقاق پیش کرنے کا حق ہے، یہ تحریک استحقاق انکو پیش کرنی چاہیئے تاکہ کم از کم انکی تحریک استحقاق آنے کے بعد اس ہاؤس کی جو عزت وقار ہے، کم از کم اسکا احساس متعلقہ اداروں کو دیا جاسکے۔ تو میں گزارش کرتا ہوں کہ آپ انکی اس گزارش کو، کہ تحریک استحقاق پیش کریں تاکہ Properly اس پر معاملات ٹھیک کر سکیں۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم:</u> سر، میں ایک گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ پیر صاحب ہمارے سینیئر ہیں، جو سوال تھا، اسکے بارے میں اگر خود منگوالیں گے ان ساری چیزوں کو جو انہوں نے پوچھا تھا، وہ دے دی گئی ہیں۔ وہ آپ تو کسی لیٹر کے حوالے سے بات کر رہے ہیں جو کہ اس سوال کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا۔ جو سوال

پوچھا گیا ہے، اسکو جواب دیا گیا ہے۔ وہ کسی لیٹر کا کہہ رہے ہیں کہ سنڈیکیٹ یا سینیٹ میں، Relevant کا لفظ تو استعمال نہیں کرنا چاہتا لیکن یہ کہتا ہوں کہ چیئر مین صاحب اور آنریبل ایم پی اے نے جو سوال ابھی کیا ہے، وہ سوال اس سوال کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا۔ لہذا میرا خیال ہے کہ ہم دونوں بیٹھ جائیں گے، جو دوسرا مسئلہ ہے، اسکو حل کر لیں گے۔

جناب سپیکر: جی ڈاکٹر صاحب! اس کو مطمئن کر لیں گے؟ ڈاکٹر صاحب!

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب۔

(شور / قطع کلامی)

سید محمد صابر شاہ: یہ بات جو ہے آپ کی، یہ تو Irrelevant بات ہے۔ منسٹر صاحب موقع پر کہتے ہیں، آپ خود مان رہے ہیں کہ یہ زیادتی ہو رہی ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: اسمیں جی پیر صاحب، میں نے بڑی تفصیلی رولنگ دے دی ہے کہ Within two days یہ ہو جائے اور آئندہ اگر ایسی کمی محسوس کی گئی، کوئی ایسی غلطی ہوئی تو اسکا خمیازہ بھگتنا پڑے گا پورے ہاؤس کو۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی!

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: ستاسو رولنگ زمونږ په سر سترګو قبول دے خو زۀ دا وایمه چه دا د کوم کوئسچن ما تپوس کړے دے، د سره د هغے نه اخباری اشتهارات شته، نه د هغے میرټ لسټ شته۔ د سوال ئے د سره جواب نه دے راکړے۔ د سوال ئے د سره جواب نه دے راکړے جی، د سره ئے جواب نه دے راکړے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سٹاف سے غلطی ہو گئی ہے تو اسکا میں نہیں سمجھتا کہ میرے پاس اشتہار ہے جی۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: دا زمونږه سره نشته دے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، یہ باقی کے پاس بھی ہے۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب! اسمبلی سٹاف سے کیا غلطی ہوئی ہے؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر، جو سوال پوچھے ہیں، ہم نے جواب دیئے ہوئے ہیں۔ آپ دیکھ لیں ایک نظر سر، سپیکر صاحب،۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحب، یہ کیا کہہ رہے ہیں؟ منسٹر ہائر ایجوکیشن کیا کہہ رہے ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ادھر سرفراز صاحب بیٹھے ہیں، حبیب الرحمان تنولی صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سب کے پاس لکھا ہے جی۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: زۀ جی وایمه جناب سپیکر، تاسو لږ زما دے کوئسچن ته اوګورئ، په دیکښې اولنے ضمني زما دا دے چه ما د مختلف کیډرز د بهرتو هغه اشتهار۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، سارے کیڈرز کے اشتہار لگے ہوئے ہیں، میں تو دیکھ رہا ہوں ان اشتہاروں کو۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: زما خبره دوئ نه دغه کوی، تاسو، د هغے تاریخ ټیسټ، انټرویو، فهرست امیدواران، میرټ لسټ او هر کیډر کښے بهرتی شده۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ ذرا خاموشی اختیار کریں، ذرا سیریس ہو جائیں۔ غنی داد خان! آپ سارے پلیز ذرا خاموش ہو جائیں، ذرا سیریس ہو جائیں، بڑا Important Questions' Hour ہے۔ آپ کیا چاہتے ہیں، کمیٹی کو ریفر کریں؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: او بالکل کمیټۍ ته ئے ریفر کړئ۔

جناب سپیکر: قاضی صاحب! وہ مطمئن نہیں ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: او۔کے۔ میرے پاس اشتہار ہے، میں آپکو پڑھ کے دکھا دیتا ہوں سر، پڑھ کے سنا لیتا ہوں، سر۔ ایک Walk in interview ہے جی، ڈائریکٹر ورکس، سیکیورٹی آفیسر، سیکیورٹی اسسٹنٹ، سیکیورٹی گارڈز، ہاسٹل بیرا، آیا، یہ ایک اشتہار ہے سر، کاپی لگی ہوئی ہے۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: رجسٹرار، ڈائریکٹر فنانس، کنٹرولر آف ایگزامینیشنز، ڈائریکٹر سپورٹس، ڈائریکٹر ورکس، پھر اشتہار ہے سر، بی پی ایس 21 کے پروفیسر کیلئے، سٹیٹسٹکس، میتھمیٹکس، بائیو کمیسٹری، پوری لسٹ ہے، 'مشرق' 15 مارچ 2008 کو یہ اشتہار لگا۔۔۔۔۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب!

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: پھر اسی طرح سر، سارے میرے پاس اشتہاروں کی لسٹ لگی ہوئی ہے جی، اگر آپ ایک نظر دیکھ لیں۔

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب، زۂ دا دوئ چه کوم-----

جناب سپیکر: دا یره ډاکټر صاحب! تاسو څه غواړئ؟

ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: زۂ دا غواړمه جی، ما ترینه داغوښتی دی چه تاسو کوم کسان بهرتی کړی دی په دے یونیورسټی کښے، د هغوی ولدیت، Criteria، میرټ لسټ او دا هر څه راته فراهم کړه نو دوئ خو ما ته د یو اشتهار خبره کوی، دا پروفیسرز، اسسټنټ پروفیسرز ئے چه اغستی دی، د هغوی د راته میرټ لسټ اوښائی او هغه چه کوم کسان بهرتی شوی دی، کوم کسان اغستے شوی دی، د هغوی نومونه د راته اوښائی ځکه چه د سنډیکیټ ممبر پکښے ستاسو شته دے نه جی او هغه خو خپله من مانی کوی او په خپل طبیعت باندے لګیا دے، ځوک ترینه تپوس والا شته دے نه۔ او دوئ په جواب کښے ښه صفا لیکلی دی چه کله مونږه د ضرورت مطابق په خپل طبیعت باندے بهرتی کوؤ، نو په خپل طبیعت باندے دوئ څنګه بهرتی کولے شی؟ رولز اینډ ریګولیشنز دوئ پائمال کوی او په خپل طبیعت باندے بهرتی کوی۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that Question No. 522.

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں سر، ہم اس کو Oppose کریں گے۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں، خالی ٹینڈر پر کیا ہے۔ ٹینڈر کیا ہے، ایڈورٹائزمنٹ پر نہیں ہوتی، وہ اور مانگ رہے ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اگر وہ Additional confirmation مانگتے ہیں تو نیا سوال لے آئیں، میں ان کے ساتھ، انکی جتنی بات ہے، ان کے ساتھ بیٹھ کے کرنے کیلئے تیار ہیں، اس کو کمیٹی کو ریفر کرنے کی ضرورت نہیں۔

جناب سپیکر: میرے آنریبل ممبرز جو ہیں نا، وہ ڈیٹا مانگ رہے ہیں کہ جس پر آپ لوگوں نے بھرتی کی ہے، وہ میرٹ لسٹ اور وہ چیزیں مانگ رہے ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، اگر وہ کہتے ہیں تو ہاؤس سے رائے لیتے ہیں۔

جناب سپیکر: ډاکټر صاحب میرټ لسټ خو شته کنه، دا دے Attach دے، Evaluation report دے۔ آپ بیٹھ جائیں، قاضی صاحب بیٹھ جائیں۔ یہ میرٹ لسٹ تو Attach ہے۔یہ سارا، ولدیت بھی ہے، سب کچھ ہے۔

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: په دیکښے د پروفیسر، د اسسټنټ پروفیسر، د رجسټرار، د کنټرولر، د اسسټنټ کنټرولر، د دے هیڅ خیز نشته۔

جناب سپیکر: اچھا اس میں کلاس فور ہیں، باقی پروفیسرز وغیرہ نہیں ہیں۔

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: بالکل جی نشته پکښے۔ بالکل نشته، کوم دے پکښے جی؟

Mr. Speaker: یہ بہت لمبا ہو گیا جی، قاضی صاحب اسکو ختم کرتے ہیں۔ Is it the desire of the House that Question No. 522, asked by the hon'able Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes'.

Voices: Yes.

